© rasailojaraid.com



## دار العلوم کی مجلس شوریٰ کا اہم اجلاس:

۲۱ رجون بروز اتوار ۲۰۰۹ء کو جامعہ دار العلوم حقانیہ کا مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس حضرت مولانا عبدالحنان صاحب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ تلاوت قران مجید کے بعد نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور شوریٰ کے اغراض و مقاصد اور ایجنڈا پیش کیا۔ بعد میں باضابطہ طور پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ مہتمم جامعہ نے سال ۳۰۔۱۴۲۹ھ کے آمد و خرچ کا تفصیلی میزانیہ پیش کرتے ہوئے جامعہ حقانیہ کے ملکی ملی و دینی خدمات پر سیر حاصل روشنی ڈالی اور ادارہ ہذا کی قبولیت عامہ' روز افزوں ترقی کو اللہ کا خصوصی انعام اور جامعہ کے بانی اور اس کے مخلص ساتھیوں اور معاونین کا عظیم کارنامہ قرار دیا۔

سال گزشتہ کے آمد اور اخراجات کے بعد سال ۱۴۳۰ھ کیلئے مطلوبہ بجٹ جو کہ سال کے لازمی اور روزمرہ کے اخراجات پر مشتمل تھا' شوریٰ کے سامنے پیش فرمایا۔ اس کے علاوہ ادارہ کے بعض اہم ترین اور فوری نوعیت کے عزائم و منصوبے مثلاً وسیع و عریض جامع مسجد کی ضرورت' جدید ڈسپنسری کا قیام' مدرسہ ھاجرۃ للبنات کا آغاز' اساتذہ و عملہ کے مشاہرات میں اضافہ' نئے کمپیوٹرز کے حصول' اساتذہ و دیگر ملازمین کے رہائشی مکانات کی تعمیر کی طرف اراکین شوریٰ کو متوجہ فرمایا۔ اراکین شوریٰ نے دار العلوم حقانیہ کے کارہائے نمایاں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے بہترین آراء و تجاویز سے ادارہ کے منتظمین کو نوازا۔ اس عزم کا اظہار فرمایا کہ حقانیہ کی مزید ترقی و استحکام کے لئے ہم ایک بار پھر حضرت شیخ الحدیثؒ کے مخلص رفقاء کا کردار ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ شوریٰ نے سالانہ بجٹ کے منظوری کے ساتھ آئندہ عزائم کے ابتدائی اخراجات کے طور پر منظوری توکلا علی اللہ بامید آمد اس یقین کے ساتھ دی کہ اللہ تعالیٰ اہل خیر کے ذریعہ اس کے مہیا کرنے کی صورتیں پیدا فرماویں گے۔ بعد میں مہمانوں کی ضیافت کیلئے ظہرانے کا انتظام کیا گیا۔

## تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول میں تقسیم انعامات اور تعلیمی کمیٹی کا قیام:

۲۶ راپریل بروز اتوار کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے زیر صدارت تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول میں تقسیم انعامات کی تقریب ہوئی۔ جس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو انعامات دیئے گئے۔ امسال حضرت مہتمم صاحب نے سکول کے نظام تعلیم و تربیت کو بہتر اور معیاری بنانے کیلئے ایک تعلیمی کمیٹی تشکیل دی جس کے ممبران جناب افسر بہادر خٹک' مولانا مفتی مختار اللہ' مولانا راشد الحق اور مولانا عرفان الحق ہیں۔ یہ کمیٹی ہر زاویے اور پہلو سے اس شعبہ کی ترقی کیلئے مشاورت کر کے عملی اقدامات اٹھانے میں مصروف ہے۔ اقدامات بالا کے نتیجے میں بورڈ کے سالانہ امتحانات میں سکول کا رزلٹ کافی اچھا اور بہتر رہا۔

BBC ورلڈ نیوز ٹیم کی دار العلوم آمد: بی بی سی کے پاکستان کے لئے نئے مقرر ہونے والے نمائندہ پروڈیوسر

© rasailojaraid.com